سوال

کیا آپ کوایسی کوئی حدیث معلوم ہے جو کہتی ہے کہ بڑی بہن ماں کی وفات کے بعد ماں کی جگہ لے لیتی ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمارے علم کے مطابق ایسی کوئی صحیح حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے جس میں اس بات کا ذکر ہو کہ بڑی بہن والدہ کی وفات کے بعد ماں کی جگہ لے لیتی ہے ، البتہ خالہ کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

خالہ (پرورش کرنے میں) ماں کی جگہ ہوتی ہے ۔ (صحیح البخاری، الصلح : 2699)

بڑی بہن ہونے کے ناطے اس کا احترام کرنا ضروری ہے ، کیونکہ سیدنا انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا وَيُوَقِّرْ كَبِيرَنَا (سنن ترمذي، أبواب البر والصلة : 1919) (صحیح)

وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو چھوٹے پر رحم نہیں کرتا اور بڑے کا احترام نہیں کرتا ۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی	فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ	فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد